ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کی مڈ سیزن ٹریڈ ونڈو کھول دی گئی

- ایونٹ کی آن لائن ٹکٹ کرکٹ ڈاٹ بک می ڈاٹ پی کے اور ایم اینڈ پی اسٹورز سے خریدی جاسکتی ہیں
- ایونٹ کا درست نام "ایچ بی ایل پی ایس ایل" ہے۔ تمام میڈیا ہاؤسز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے نیوز بلیٹنز، ہیڈ لائنز اور تحریروں میں ایونٹ کا درست اور مکمل نام استعمال کریں

لاہور، 8 فروری 2022ء:

ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کی مڈ سیزن ٹریڈ ونڈو کھول دی گئی ہے، جس کے تحت تمام ٹیموں کو ایسے کھلاڑیوں کے ٹریڈ کی اجازت ہو گی جنہوں نے اب تک ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے کسی میچ میں شرکت نہیں کی۔

لیگ کا دوسرا مرحلہ 10 فروری سے قذافی اسٹیڈیم لاہور میں شروع ہو گا۔

ٹریڈ ونڈو کے قواعد مندرجہ ذیل ہیں:

- یہ ونڈو 9 فروری 2022 کی شام 6:30 بجے تک کھلی رہے گی
- اس ونڈو میں صرف ان کھلاڑیوں کے ٹریڈ کی اجازت ہو گی جنہوں نے اب تک لیگ میں کوئی میچ نہیں کھیلا ہو گا
- دونوں ٹیموں اور مذکورہ کھلاڑی کا ممکنہ ٹریڈ سے متفق ہونا لازمی ہو گا
- ٹریڈ کے لیے صرف ایک جیسی کٹیگری کے حامل کھلاڑیوں کا ہی تبادلہ ممکن ہو گا

- ہر ٹیم کو زیادہ سے زیادہ سے دو ٹریڈز کرنے کی اجازت ہو گی
- •اس دوران اسکواڈ میں شامل فعال اراکین کی کل تعداد میں کوئی تبدیلی نہیں ہو گی

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4